آفت و مصیبت میں پڑ کر میری شرم دور ہو گئی ہری بابو مجھے ودی کہہ کر بلاتے تھے۔ میں بھی انہیں دادا کہتی تھی ــــ اتنے دنوں تک اُن کے ساتھ بات چیت نہیں کرتی تھی۔ مگر اس قدر ربط ضبط اور میل و ملاپ کے بعد شرمانے سے کام نہیں چلتا میری بڑی خواہش تھی۔ کہ بابو جی کا آخری کام اچھی طرح سے کروں گی ــــ اس میں مجھے انہیں کا سہارا اور بھروسہ تھا۔

جو اس محلہ میں پروہت کا کام کرتے ہیں۔ وہ آئے تھے۔ اُس شخص کو دیکھ کر میری طبیعت سخت ملول ہوئی۔ وہ مجھے "ماں" کہہ کر ضرور بلاتے تھے مگر اُن کے چہرہ اور آنکھوں کے اندر کچھ ایسے حرکات تھے۔ کہ جب تک میں نے گھونگھٹ نہ نکال لیا مجھے چین نہیں آیا۔ ایسے شخص سے اس قدر نیک کام کرانے کا مجھے حوصلہ نہیں ہوا مگر کیا کرتی کوئی تدبیر نہیں تھی ــــ جو چنڈال سے بھی زیادہ حقیر ہے سماج صرف اُس کے گلے میں جنیو دیکھ کر ہی سب کے سر پر پاؤں رکھ کر گھومتا ہے

پروہت ٹھاکر نے آ کر کہا "ماں! ایک بات کہنے آیا ہوں"

— "کیجئے"

— "تمہارے باپ کی شادی کرنے کا حقدار تو کوئی نہیں؟"

— "نہیں"

— "تو پھر رخصتی کی رسم تو تمہیں کو ادا کرنی پڑیگی"

— "جی ہاں!"

— "بہت اچھا تو پھر اسی وقت سے تمام انتظام کر دو میں اس محلہ کا چودھری ہوں"

— "یہ تو مجھے نہیں معلوم تھا!"

— "تم نہیں جانتی ہو مگر فقیر محمد چاچا کو اس محلہ کا کون شخص نہیں جانتا تھا تمہارے باپ کے ساتھ بھی میرا بہت کچھ ربط ضبط رہا ہے۔ ان کے جیسا نیک و پاک اور [illegible] والا شخص اس دنیا میں کہاں نظر آتے ہیں۔ اُف! ابھی شہید دل ہوئے۔ آنکھوں سے [illegible] چاہیے تھا، [illegible] چاہیے تھا، کیسی کیسی ہی باتیں کی تھیں۔ اور آج دیکھتا ہوں کہ وہ اس دنیا میں نہیں۔ دم کے دم میں کیا ہو جاتا ہے۔ [illegible] بڑی [illegible] [illegible] سمجھ سکتا ہے۔ تم اپنے ماں باپ کی لائق لڑکی ہو، تو تمام کام کس طرح انجام دو گی!"

میں ہکا بکا تھی۔ وہ اُسے سب کچھ صاف صاف بتا دیا۔ انہوں نے اظہار [illegible] کرتے کہا "ہاں! اسی کو کہتے ہیں کہ باپ کی طرح لڑکی ہے اور کیوں نہ ہوگی ماں ایسی تمہارے خیالات سن کر بہت خوش ہوا۔ اچھا انتظام ہونا چاہیئے!"

— "ٹھاکر [illegible] دوست کرتا ہے وہ [illegible] بیمار [illegible] ہیں کہہ سکتی ہو۔ [illegible] ان کی کیا صورت رہتی ہے؟"

— "ایک طرح سے وہی صورت گزار رہیں ان کی صلاح سے [illegible] کچھ نہیں کر سکتی"

[illegible] گھر سے [illegible] معلوم کیا [illegible] اس کے بعد ایک گہرا سانس [illegible] "اچھا اچھا یہی ٹھیک ہے [illegible] آؤں!"

[illegible]

مگر کسی قدر دیر بعد موہن بابو سے جب ملاقات ہوئی پروہت ٹھاکر سے متعلق اس
وقت کئی ہی باتیں سنیں۔ ٹھاکر جی اچھے آدمی نہیں۔ یہ بات تو میں نے اُن کا منہ دیکھتے
ہی جان لی تھی مگر اُن کا مزاج بھی ایسا ہے یہ جو اس میں بھی خیال نہیں کیا تھا۔

موہن بابو نے کہا "پھر بھی بے چارہ میری منت و خوشامد کرنے گئے تھے۔ مگر میری
خواہش نہیں کہ تم ان سے اس قسم کا کام لو۔"

میں نے کہا "آہا! جب وہ اس قدر اصرار کر کے آئے ہیں۔ تو ہنس کر ہاتھ پکڑ لینا
ہزار ہوا پھر بھی سر ہی تو ہے۔"

— تو پھر تمہاری جو مرضی۔ اگر بستر تم نہیں جانتی ہو۔ انکار کرنے میں کبھی شرمندگی
ہوتی ہے انسان میں کئی بہت سے شیطان ہوتے ہیں

* * * *

بابو جی کا کام ختم ہو گیا اس زندگی میں اُن کے نام کا اتنا پاک دن پھر
کب آ سکتا — یہی سوچ کر میرا دل اندر ہی اندر دھک دھک کرنے لگا۔

پتہ نہیں کیسے دوسرے دن صبح اُٹھی تو ٹوم نظر نہ آیا۔ ازاں بعد ایک ایک
کر کے سات آٹھ دن گزر گئے۔ ٹوم واپس نہیں آیا — بہت تلاش کرنے پر بھی اس کا
کوئی پتہ نہ چلا جس راستے سے بابو جی اُسے اُٹھا لائے تھے وہ راستہ کا کتا پھر اُسی
راستے میں کھو گیا کیا ٹوم بابو جی کو تلاش کرنے گیا؟ انسان کی مایا انسان بھول جاتا
ہے مگر جانور ہوتے ہوئے بھی ٹوم نہ بھول سکا — مایا کی پکار ہوتے وہ گھر چھوڑ کر سُکھ
چھوڑ کر راستے میں ٹھوکر کھاتا سا نکل پڑا۔

بابو جی بھی کبھی ایک بات کہتے تھے میرے ہی ذہن میں وہ آ گئی کہ بعض اوقات
کتا انسان سے بھی بڑھ جاتا ہے۔

بابو جی کی موت کے بعد دیکھتے دیکھتے ایک مہینہ گزر گیا جس دن گھر سے میں اُٹھائی
ہوئی تھی درد رفتہ رفتہ دبی۔ [illegible] آنے لگی [illegible]
[illegible] روشنی اور مجھے [illegible] ٹوم [illegible]

اتنے میں اور بھی ایک واقعہ ہُوا۔

ایک دن دوپہر کو اکیلی بیٹھی ہوئی کتاب پڑھ رہی تھی۔ یکایک موہن بابو کی نوکرانی نے آ کر کہا۔ "آپ کو ماں جی بُلا رہی ہیں۔"

سہم گئی۔ مجھے موہن جی کی بوا نے بلایا ہے۔ کسی قدر متعجب ہو کر پوچھا۔ "کیوں؟"

اُس نے کہا "یہ تو نہیں جانتی۔ کب آئی تھی؟ کچھ بات چیت کرنی ہوگی۔"

میرے ساتھ بات چیت! کیا بات؟ کچھ فیصلہ نہ کر کے کتاب بند کر کے بولی "چلو تمہارے ساتھ ہی چلتی ہوں۔"

نوکرانی کے ساتھ ہی باغیچے کے راستے سے موہن بابو کے گھر گئی۔

دالان میں عورتوں کا ایک مجمع لگا ہُوا — اُن میں لڑکیاں، نوجوان اور بُوڑھی — ہر عمر کی عورتیں تھیں۔

مجھے دیکھتے ہی وہ سب باتیں بند ہو گئیں — سب کے چہرے پر ایک دبا ہُوا حسد دوڑ گیا۔ یکساتھ ہی کتنی ہی تیز نگاہیں میرے منہ کے سامنے جیسے دھار دار چھُری کی طرح مجھ پر پڑ گئیں۔ دل دھڑکنے لگا۔ چور کی طرح ایک کنارے کھڑی ہوئی زمین کی طرف تاکتی رہی۔

نگاہوں سے حسد رقابت کے شعلے نکلتے ہیں۔ کئے گئے۔ نہ معلوم کس نے کہا "ہاں جی موہن کی بوا! کیا موہن اسی سے شادی کرنا چاہتا ہے؟"

"ہاں بیٹی! میری قسمت! ابھی نصیب میں اور کیا کیا لکھا ہے یہ تو دیکھنے ہی جائیں۔"

ایک کونے میں چپ چاپ — اور مجھے سنا سنا کر نہ معلوم کس نے کہا "قسمت ہے۔ دیوانگی کی طرح جلا ہُوا منہ لے کر یہاں آتے ہوئے قسمت کو شرم بھی نہ معلوم ہوئی۔" میرا عضو عضو شل ہو گیا۔ کسی طرح دبی ہوئی آواز سے بولی۔ "مجھے کیوں بُلایا ہے؟"

موہن بابو کی بوا جی نے کہا "بیٹا! شوہر کو کھا کر اب میرا سر کھانے بیٹھی ہو کیوں؟"

بتاؤ تو سہی؟"

"یہ کیسی سخت بات! میرے سر پہ تو جیسے بجلی گر پڑی!

ستے دیس سے لڑکی ہو دیس جاؤ — بڑھوا چھوٹی ہو مدہوا کی طرح رہو۔ یہ تو نہیں ہوتا
ہر طرح باپ کی بات ہو رہی ہے۔ تمہیں کیوں بلایا ہے۔ جانتی ہو؟ جس جس بھرے دربار
کا ستیاناس ہوا اسی لیے، اس سے اس کے محل پر بھی سیاہی لگے گی۔ تمہارے بھی
کیوں ننو کی ماں!"

ننو کی ماں کو اب تک کچھ کہنے کا موقع نہیں ملا تھا۔ اس وجہ سے اس کا پیٹ پھول
رہا تھا۔ کیونکہ موہن ماتو کی نوا کی بات ختم ہونے سے پیشتر ہی وہ آنکھیں بچا کر بول اٹھی
"وہ ادھر ادھر کیا مردہ ایسے کر سکے گا؟ جنھی تو دیکھنے دکھنے شدرسٹ ما بیٹھ مرا!"

اور ایک عورت — جیسے ماں کی بھکاری ہے — اسی طرح سر اٹھا کر سر بار
لہجہ میں بولی "کیوں بہن! باپ ظاہر ہوئے بغیر نہیں رہتا!"

اور ایک بڑھیا دونوں بھویں چڑھا کر کے گال پر ہاتھ رکھ کر بولی "ماں ماں!"
ماں!!! بدھوا اواہ! اس زمانے کی لڑکی ہے۔ ایسی لڑکی کے منھ میں آگ!"

"نکلے سر پچاسی اودیس سے مردوں کو ٹھیلنے آئی تھیں!"

"کون جانے وہ خاندان پر سیاہی لگا کر آئی ہے؟ اسے کون کیا کہہ سکتا ہے!"

جس کے جو منھ میں آیا اس نے وہی سنایا۔ ان چوٹ پر سانے والیوں کے درمیان
میری حالت مکیں ہرنی کی طرح ہو گئی۔ اتنے انسان ہیں پر کیا کوئی بھی ایسا نہیں جو
اس ابھاگی کو ان کا نوالہ ہونے سے بچائے! دیوار کا سہارا لیے میں گونگی بنی ہوئی کھڑی رہی
— دکھ درد اور تکلیف سے میری دونوں آنکھوں میں اندھیرا چھا گیا۔ آنسوؤں سے
تر بتر ہو گیا۔

نہ معلوم کون عورت کرخت آواز سے بول اٹھی، موہن کی نوا! مالک نے کہا تھا کہ
اگر لڑکی کے باپ کی شرادھ میں گئی تو اچھا نہ ہوگا۔

یکایک کسی نے ڈانٹ کر کہا ٹھہرو! بہت کی موہی! شرادھ میں شورہ دینے

بوڑھے فقیر بیچارے کی عقل کہاں گئی تھی کام کے وقت تو کام کا ہی - اور کام ہو جاتا
پھر پاپی! واہ تمہارے مالک اچھے آدمی ہیں!

موہن لال کی بیوی جھنجھلاہٹ آمیز لہجہ میں بولیں "مسلمان ہو کر بھی ان کی اولاد کی تو کیسی ہمت سے
بُرا بھلا کہتی ہے؟"

— "بوا جی! تم ٹھیرو - مجھ پر ناراض نہ ہونا بڑھاپے میں تمہاری عقل پر پردہ پڑ گیا
ہے۔ ایک تو بیچاری کا باپ مر گیا، دوسرے تم نے محلہ کی عورتوں کو بلا کر اس کے رحم پر
پہ ایک اضافی کرے رہا ہو۔ شاید تم نے اسی لئے مجھے گھر سے بلایا ہے اور تم لوگوں سے
کہتی ہوں کہ تم میں سے کس کے دل میں دیا دھرم کا نام نہیں ایک گناہ تھا ہی سے
کیا اسی طرح دھونس دیکر کے اچھا ہونا ہے؟"

ایک عورت نے دبا کے ہوئے کہا "اری تم اولڑکی دیا نادہیں ہے جو منہ
میں آتا ہے بے لحاظ سناتی جاتی ہے"

اور ایک عورت نے کہا "ابھی کل کی چھوکری ہے۔ دیا دھرم دیا دھرم چلاتی
چلاتی ہے"

— "وہ سب باتیں جانے دو۔ جتنا کسی نے ساتھ سوور دیا ست سے کام ہی لیا سبھی کو
اور ان کا حال معلوم ہے — اگر اپنی عزت، کچھ منظور ہے تو چپ چاپ بیٹھی رہو
ورنہ اپنا اپنا رستہ لو"

کسی نے آگے بیر اٹھایا کہ لیا۔ آنکھ پھیر کر اچھی طرح دیکھا ایک نہایت حسین
عورت! کیا اسی کا نام جمنا ہے؟

اُنھوں نے نائیکہ اپنے میں مجھ سے کہا "تو میری لکشمی ارودہیں اسی وجہ سے
سب جو منہ میں آتا ہے کہے جا رہی ہیں۔ اگر مجھے معلوم ہوتا کہ ان ہی نے الٹی ہوگی تو
میں تمہیں یہاں ہرگز ہرگز نہ آنے دیتی۔ تم اپنے دل میں کوئی خیال نہ لاؤ۔ جاؤ گھر جاؤ!"

گھر آکر جب اپنے کمرے میں گئی۔ اس وقت میرا دل جیسے سینے میں جوش

تڑپ رہا تھا۔

زندگی میں بہت سے دُکھ اُٹھائے مگر اتنی ندامت اور بے عزتی مجھے کبھی بھی برداشت نہیں کرنی پڑی باؤجی کی محبت اور خاطرداریوں سے اسے دنوں تک میں بہار کی آڑ میں تھی۔ باہر کا آدمی بابی مجھ پر اثرانداز نہیں ہو سکا۔ آج جوں ہی باؤجی کا سایۂ عاطفت سر سے اُٹھا یہ بدروحیں اسی وقت اپنا کام [illegible] لے کر زہر آلود سانسوں سے مجھے جلا کر خاک کر دینا چاہتی ہے۔ اسی لئے باؤجی ڈرتے تھے کہ اُن کی عدم موجودگی میں میرا کیا ہوگا؟ سمجھ گئی۔ سمجھ گئی!!

آج جو سُنا وہ کس قدر خوفناک بات ہے ان لوگوں نے کیا سمجھا؟ موہن باؤ کیا میں جھوٹ بھی سکتی ہوں۔ ایسی بات بھی سُننی پڑی ہے — اوماں!

اِن کے اور سے قطع نظر اس محلہ میں مجھے رہنا ہوگا مگر باؤجی کہاں؟ جس کے ماں نہیں، باپ نہیں، شوہر نہیں، آپ کچھ کے لئے صرف تم ہو باپ ہاں! تم — تم — ایسی عورت کا دُنیا سے اُٹھ جانا ہی اچھا ہے!

آنے کی نہ ملی لعنت ملامت سہی ہم سہ لیں گی درد دل بڑھتی ہی رہے گی لوگ نہ معلوم کیا کہینگے ہر طرف سے کانوں میں انگلی دی ہی ہوگی۔ لیکن ایسا ایسا آج [illegible] دیں ملا دینگے — [illegible] رہ گئی کوئی [illegible]

اشوفت میری حالت کون اپنے آپ کو [illegible] ڈال لے گا؟ موہن باؤ؟ ...

ہاں اور آپ بھی۔ مگر [illegible] لئے [illegible] کہ چھپ کر بیٹھے سماج سے دشمنی مول لینگے اور مجھے بچانے میں کہاں آفات و مصائب کا شکار بنینگے؟ اِن میں بھی مشکلیں ہوں گی وہ بھی سہہ جاتے — یہ تو اور بھی خوف کی بات ہے!

زندگی کے [illegible] سمندری خواب نظر آئے مسلسل کے پتھر [illegible] سے ٹکرا کر وہ نہ معلوم کس [illegible] ڈوب گئے۔ آج سمجھی ہوں کہ میرا یہ دکھ درد لاعلاج ہے — اس میں حل [illegible] کیا [illegible] اُس کی [illegible] مرجانا کرنا بہتر ہے۔

دونوں ہاتھوں سے دل تھام کر روتی ہوئی پکار اُٹھی "اُوجی! تم مجھے اپنے پاس بُلالو۔"

پندرہ

حمنا کی باتیں ۱

پھوا جی کا خط پڑھ کر مجھ کو بڑی ہی ہنسی بہت نکلی تھی کہ میرے دادا کو مسرف سمجھ کر اُن کا دماغ خراب کرنے کی فکر ہے۔ بہت اچھا ذرا مجھے وہاں پہنچنے دو۔ بچاری کے کان نہ اُڑا لوں تو میرا نام نہیں۔ میں شریف تو تنہا ہوں جس کا شوہر مجسٹریٹ ہے اُس کو کسی بات کی کیا فکر ہے میرے رہتے ہوئے ایسی خرابی پیدا ہو۔ دادا یہ کبھی نہیں ہو گا!

اور دادا بھی کیسے آدمی ہیں لڑکی ہوتی تو اب تک اُس کے ناتی پوتے ہو جاتے ایسی عمر گزر بھی ہو گئی اور وہ ہمیشہ یہی رٹ لگائے رہتے ہیں کہ شادی نہ کروں گا۔ ابھی عمر گزر گئی ہے یا آج یہ معلوم کہاں کی ایک ادھیڑ بدصورت کو دیکھ کر دل بھی ہاتھ سے کھو دیا دل بھی کیا دُوائی چوٹی ہے کہ جہاں یہاں بغیر سوچے سمجھے دے دیا اور بابا اُمر وہ کو منگا!

میں اسی وقت میرے شوہر شگفتہ اندر سے مکان میں داخل ہوئے مجھے دیکھ کر بولے "کس کا خط پڑھ رہی ہو؟"

— "تمہارا خط نہیں ہے!"

— "یہ تو سمجھ گیا۔ مگر کس نے لکھا ہے؟"

— "یہ بعد میں معلوم ہو گا، مور کے پر لگا ہوا کاگ[1] اپنا کمال کر آرام سے بیٹھو" بعد ازاں رفتہ رفتہ سب معلوم ہو گا!"

— "حمنا! تم بہادر ہو۔ شوہر کو کاگ کہتی ہو۔ ایں!"

— "بہادر کہنا کے لئے کیا سچ کہنا بھی منع ہے"

— "مگر شوہر کے لئے کوشش کی تشبیہ تلاش کرنا کہاں تک مناسب ہے، اگر یہی بات تھی تو کوئل کا نام لے سکتی تھیں"

— "ہو بہو لے سکتی تھی مگر کوئل کو کسی نے کبھی مور کے پر لگائے ہوئے دیکھا ہے

[1] بمبئی کوا ۱۲

یہی وجہ ہے تم کالے ہونے پر کومل نہیں ہو"

— ٹھیک سمجھا تم لوگ — عورتیں تھیٹر کے سیٹ باجے کی طرح ہوتی ہیں۔ اگر وہ ناچا نہ ہو — ہو تو مشکل۔ جمنا! تمہاری باتوں پر مجھے غصہ آرہا ہے!

— مہیم! اگر تم ناراض ہونا چاہتے ہو۔ تو دل سوچ کر کسی اور دن ہونا۔ اگر تم آج ہی ناراض ہو گئے تو میرا کام کیونکر ہوگا؟ اس لئے مجبوراً میں آج تم سے معافی مانگتی ہوں کیوں کیا کہتے ہو۔ اچھا کپڑے تو اتار ڈالو۔

شوہر کو ناشتہ وغیرہ دیتے ہوئے پنکھا جھلتے جھلتے کہا۔ کل میں کچھ دنوں کے لئے اپنے میکے جاؤں گی۔ تمہاری کیا رائے ہے؟"

شوہر کے ہاتھ کا رس گلہ ہاتھ ہی میں رہ گیا آنکھیں چڑھا کر بولے "اس ماں باپ کے گھر! موسم بسنت کے ان خوشگوار ایام میں تم ماں باپ کے گھر جانا چاہتی ہو؟ عجب عکس!"

— معاف کیجئے گا۔ شریمان جی کی رکاوٹوں کو میں ویدوں کی بانی سمجھ کر بسر و چشم قبول نہ کرسکی۔"

— جمنا! اگرچہ میں نہایت وسیع دل ہوں تاہم یہ برداشت نہیں کرسکتا!"

— پھر! یہ خط تو مہربانی فرماکر پڑھ سکو گے؟ — یہ کہکر میں نے ماں جی کا خط ان کے ہاتھ میں دیدیا۔

خط پڑھتے ہی سوامی جی کرسی چھوڑ کر اٹھ کھڑے ہوئے اور میز پر زور سے ایک گھونسہ مار کر بول اٹھے "شاباش موہن! اتنا ناش! واہ تمہیں اس قدر حوصلہ ہوا — تم ودھوا وواہ کرنا چاہتے ہو؟"

میں نے چہرہ سنجیدہ کر کے کہا "میرے دادا ودھوا وواہ کرینگے اس سے حضور کی اسی قدر جوشی کا کیا سبب ہے؟"

— خوش نہ ہوں گا — کیا کہتی ہو؟ بُرے سنسکاروں کی وجہ سے ودھوا کو کتنا دکھ ہو جاتی ہو موہن ان تمام دقتوں میں نہیں پڑا۔ میرے لئے یہ بڑی خوشی کی بات ہے۔

اور جمنا! تم کیسی ہو؟ منھ سے تو یہ کہتی ہو کہ بدھوا کی شادی کر دینا مناسب ہے۔
مگر آج جب تمہارا بھائی شادی کے لئے تیار ہوا۔ تو تم پیچھے ہٹ رہی ہو!"

— "واہ ری عقل! پیچھے نہیں ہٹی۔ جس کے گھر سے بیاہ ہوا ہے اس خاندان سے واقف
نہیں مزاج سے آگاہ نہیں اُس کی نسبت کچھ کیسے کہوں؟"

— "وہ سب جانتے ہیں پھر کیا موہن شادی کرنا چاہتا ہے؟"

— "مردوں پر اعتبار نہیں۔ عورتوں کو دیکھتے ہی اُن کے منہ میں پانی بھر آتا ہے
وہ مچل مچل کر آنسو بہانے لگتے ہیں وہ اپنے آپ پر ضبط کر سکیں یہ غیر ممکن ہے"

— "جمنا! مردوں کی طرف سے میں تم سے کہتا ہوں کہ تمہارا خیال غلط ہے"

— "تو سنو،

— "میں ایک مرتبہ عورتوں کے مجمع کے درمیان جا نکلا مجھے یہ حالت ہوئی کہ سر اٹھا نہ سکا
زبان ہچکچانے لگی اور سر چکرانے لگا"

— "تو پھر ہاں کی طرح عشق و محبت میں مختار ہوتے ہیں تم دوسرے
کی عورتوں کو اپنی ماں بہن کی طرح دیکھتے ہو یہ صرف میرے گن کی وجہ سے کیوں
سکھایا اب تمہاری سمجھ میں یہ بات آئی؟"

— "تمہارے گن کی وجہ سے یا میرے گن کی وجہ سے یہ تو میں نہیں کہہ سکتا لیکن
تمہاری طرح اپنی تعریف کرکے میں پاپ کا بھاگی نہیں بننا چاہتا۔ اس بات
اور یہ مشہور عورت جب تقریر کرنے پر آتی ہے تو وہ ایک ساتھ ہی دو پاپ کرتی
ہے — اول یہ کہ وہ فضولیات کے ڈھیر کو بڑھاتی ہے اور دوسرے اپنی
خوبصورتی کی دلکشی کو جو اس کی مقتضی ہے — اس لئے اسے پر ختم ...؟

— تم اپنی تقریر کو ختم کر دو۔ اگر میرے منہ پر قفل سکوت لگانا چاہتے ہو تو
اس وقت یہاں سے میکے جانے کے متعلق —؟"

— "ہاں! میں تمہیں تمہارے میکے جانے کی اجازت دے سکتا ہوں مگر ایک شرط پر۔"

— "وہ شرط کیا ہے ذرا میں بھی تو سنوں!"

— موہن کی شادی میں تم کسی قسم کی رکاوٹ نہ پیدا کر سکو گے!"
— اگر دادا کے قابل گھر اور بیوی دونوں ہوئے تو میں کسی قسم کی رخنہ اندازی
سے کام نہ لوں گا!"
— ہاں تمہاری بات مجھے منظور ہے۔ اب تم یہ بتاؤ کہ تمہاری عرضی منظور ہوئی
یا نہیں کلکتے کب جاؤ گے؟"

✻ ✻ ✻ ✻

کلکتے آکر بڑا اچھے سے تمام باتیں سنیں۔ انہوں نے جن الفاظ میں لڑکی کا تذکرہ
کیا اس سے بخوبی ذہن نشین ہو گیا کہ وہ نہایت حیا دار اور آزاد خیال عورت ہے
اور گرہستی ہوتے ہوئے بھی قابل ہے۔ دادا پر جادو کر دیا ہے اور یہی وجہ ہے
اس نے لڑکی پر پھبتی کے سوا غصہ بھی آیا۔ کم ہوا تو انہوں نے کہا کہ لڑکی کو
ایک بار کسی طرح بلاؤ تاکہ میں اس سے صاف صاف کہہ دوں کہ ایک بوڑھے سے شادی
کرنا اس کے لئے سراسر نقصان ہے۔

اس دن دوپہر کو جب میرے گھر میں عورتوں کی سبھا اکٹھی ہوئی تو میں نے لڑکی
کو بھی بلایا۔

دیکھا اور ہاں ایک کیا؟ میں نے جو سوچا تھا وہ بات تو پہلے ہی تھی۔ نہ تو سر کی
پتلی ہے لاجونتی کی بیل کی طرح۔ اسے لمس سے جھکا ہوا۔ جیسے کنول پھول کی طرح
نہایت خوبصورت ایک چھوٹی سی موم کی پتلی ہے! ایسا معلوم ہوا جیسے سانچے
میں کسی نے تصور کی ہائی خوبصورت تصویر رکھ دی ہے۔ اس کا رنگ ایسا دلکش
اور عضو عضو اس قدر سڈول کہ بار بار دیکھنے کو جی چاہتا تھا۔ بے ساختہ یہی طبیعت
چاہتی تھی کہ سینے سے لگا کر پیار کیا جائے۔ میں باوجود کوشش کے اپنی آنکھ پھیر
نہ سکی۔ وہ حیرت سے لاجواب ہو کر اُس کی طرف دیکھتی رہی۔

اتنے میں دادا جی اس لڑکی کو جو اُن کے منہ میں آیا بولی ٹھٹھول سنانے لگیں۔ لڑکی
کو دیکھ کر میں اس قدر خود رفتہ ہو گئی تھی کہ مجھے کچھ پتہ نہ تھا کیا فیصلہ ہوتا تھا

ازاں بعد جسوقت دیکھا کہ سادہ لوح اور شریف النسب لڑکی ان چند زبان دراز لڑاکیوں
کے درمیان اس طرح ذلیل ہو رہی ہے کہ منہ سے بات نہیں نکلتی۔ اسوقت میری نگاہیں
آبدیدہ ہو گئیں!

میں نے اس کی حمایت میں دو چار باتیں سنا دیں ان عورتوں میں سب پر یہ
بخوبی واضح تھا۔ کہ میں کسیکی طرفداری نہیں کروں گی اسوجہ سے وہ سب خاموش
ہو گئیں ذرا دیر بعد میں لڑکی کو رخصت کر آئی

مگر دل کو اسوقت بھی اچھی طرح نہ سمجھا سکی اس سادہ لوح شریف النسب اور
یتیم مگر بدنصیب لڑکی کو محض میری وجہ سے اتنی لعنت و ملامت برداشت کرنی
پڑتی ہے یہ سوچتے سوچتے اس کے لئے میرا دل اندر ہی اندر تڑپنے لگا۔ اگر دادا
نے یہ تمام باتیں سنی ہیں تو وہ اپنے دل میں کیا سوچینگے؟ یہ بھی سنا کہ لڑکی کے گھر
میں اسوقت کوئی مرد نہیں ہے دادا ہی اس کے نگراں حال ہیں مجھ سے اب ضبط
ہو سکا۔ پیچھے سے اُن کے مکان میں گئی
جاکر کیا دیکھا۔

دیکھا لڑکی فرش زمین پر لیٹی ہوئی آنکھوں کے آنسوؤں سے سینہ سیراب
کر رہی ہے۔ اور پھنسی ہوئی آواز سے موت کے استقبال کی تیاریاں کر رہی ہے
اُف! میں کیسقدر سنگدل اور بیرحم ہوں

اپنے آپ کو لعنت و ملامت کرتی ہوئی میں اُس کے پاس جا بیٹھی۔ وہ اپنے دکھ
سے اسقدر رنجور ہو رہی تھی کہ میری آہٹ بھی نہیں سنائی دی اُس کے جسم پر
ہاتھ پھیرتے ہوئے بولی "دیکھی بہن! بھلا اس طرح بھی کوئی موت کو پکارتا ہے"
وہ چونک کر اُٹھ بیٹھی پھر آپ نگاہوں سے میری طرف دیکھتی ہوئی سر جھکائے
بیٹھی رہی۔

اُسوقت بھی آنسوؤں کا دریا اُس کے گالوں سے ہوتا ہوا سینے کو سیراب کرتا
تھا۔ میں نے تسلی دیتے ہوئے کہا او میری پیاری! روتی کیوں ہو؟ نہ رو تمہیں میری

قسم!"

اُس نے لڑکھڑاتی ہوئی آواز سے کہا "آپ --- آپ کون ہیں؟"

"میں موہن بابو کی بہن ہوں کیوں؟ اب تو مجھے پہچانا؟"

میرا یہ جواب سُنکر پھر وہ خوف سے چونک اُٹھی

میں نے ہنسکر کہا "پیاری بہن! خوف کی کوئی بات نہیں میں تمہیں یہاں رُلانے کے لئے نہیں آئی ہوں - بلکہ معافی مانگنے آئی ہوں"

وہ کچھ دیر تک چپ چاپ سر جھکائے رہی - اس کے بعد آہستہ آہستہ بولی "کیوں؟ آپ نے کیا قصور کیا ہے۔ جس کے لئے معذرت چاہتی ہیں بلکہ میں خود ہی آپ کے روبرو قصوروار ہوں"

"نہیں! ہم نے کیا قصور کیا"

وہ ہچکیاں لے لے کر بچوں کی طرح سسکیاں لیتے ہوئے بولی "قصوروار نہیں میرے تین کُل میں بھی کوئی ایسا کرنے والا نہیں - ایک تو میں تو بھی عمر کی لڑکی ہوں" اور پھر بدھوا - کیا میں آپ نے پاک صاف خاندان میں کلنک لگا دیا ہی ہوں میری بات پر یقین کیجئے کہ میں آج رات کو ہی کہیں کسی نہ کسی طرح چلی جاؤں گی جہاں ٹھکانا ملیگا - وہیں جاؤں گی --- آپ لوگ میرے متعلق کسی قسم کی فکر و تشویش سے کام نہ لیجئے گا"

ذرا ٹھہر کر بولی "نہیں! مجھے معاف کرو - یہ تو زمانہ قدیم کی بڑی بوڑھی عورتیں ہیں - جو منہ میں آتا ہے بکتی ہیں اور محلے کے لوگوں نے تو دوسروں کا خاکہ اُڑانے کا بیڑا اُٹھا رکھا ہے اُن کی باتوں پر تم کان نہ دو میں تمہیں بہن بنا کر رکھوں گی --- تم میری بہو ہو گی - تم سے میرا خاندان روشن ہوگا"

"اچھی بہن ایسی جنم کی دُکھیاری ہوں - میری یہ دکھوں سے بھری ہوئی زندگی دُنیا میں کسی کے کام نہیں آئے گی - محض میرے لئے آپ کیوں اپنا سر نیچا کرائیے گی --- میں آپ کی کون ہوں۔

مجھ سے اور ضبط نہ ہو سکا روتے ہوئے دونوں بانہوں سے کھینچ کر بولی۔

تو میرا ہے۔ سہاگ کی کٹھنی میں میرا چھبرا

اگر آزادی ملی تو وہ راہی اُڑ جائے گی۔ مگر بہن میں تمہیں نہ چھوڑوں گی۔ ایسی طرح باندھ رکھوں گی۔

اس نے میرے سینہ پر اپنا سر رکھ کر پھوٹ پھوٹ کر روتے ہوئے کہا "نہیں بہن!! ایسا نہ کہو۔"

میں نے اپنی گود میں اُن کا سر رکھ کر پوچھا۔ "بہن! تیرا نام کیا ہے؟"

"سرما!!"

"اور میرا نام تمنا ہے۔ نہیں! میں تیرے ان لب لعلیں کا بوسہ لینا چاہتی ہوں۔ بڑی خواہش ہو رہی ہے کہ ان جاں بخش ہونٹوں کا رس چوس کر اپنی زندگی سپھل کروں۔ کیا تیرے ان ہونٹوں کا جمع شدہ رس آج تک کسی نے نہیں چوسا۔ میں تیرا منہ ڈھونڈ رہی۔ اس میں کوئی برائی نہیں ہے۔ نہیں اس مجسٹریٹ کی دی ہوئی ایسی دفعہ قانون کی پیروی کر کے سب کام کرتی ہوں!!"

انہیں پر آپ لگا ہونٹوں سے سرما نے میری طرف دیکھ کر دکھی ہنسی ہنستے ہوئے کہا۔

"واہ!" اُس کی ہنسی دیکھ کر میں سمجھ گئی کہ میری ہی جیت ہوئی۔ میں نے پیار سے اُسکا منہ چوم لیا

"مجھے آپ کہہ کر اب نہ پکارنا میں تجھ سے تھوڑی ہی بڑی ہوں اس کے علاوہ بہت جلد تیری نند ہوں گی!"

"آپ بڑی ہیں"

"پھر آپ!! اگر تم میری بات نہ مانو گی تو میں ابھی سے ساس بہو کا رشتہ شروع کر دوں گی!"

"تم بڑی ڈھیٹ ہو۔ مجھ سے اس قدر مذاق دل لگی کرتی ہو!"

"ہم سب یہاں جلسے کے لئے آئے ہیں۔ اس واسطے میری خوشی [illegible] بھر [illegible] خوش [illegible] ہیں تو غم سے [illegible] کرنا چاہئے!"

"بہن! تم میں نہ معلوم ایسا کونسا جادو ہے۔ کہ اتنی سی دیر میں ہی مجھے اپنا بنا لیا"

"تیرا حسن دلپذیر دیکھ کر دنیا بھول جاتی ہے — میری کیا حقیقت ہے؟ جو تجھ دیکھ کر بھی اپنا بنانے کی کوشش نہ کرے گا۔ میں اسے انسان نہیں سمجھتی۔"

"دیدی تمہارے پاؤں پڑتی ہوں۔ مجھے اب اور زیادہ شرمندہ نہ کرو۔"

"سرلا! میں تو اپنے دادا کی تعریف کرتی ہوں کہ انہوں نے کیسا عمدہ انتخاب کیا ہے۔ حیرانی تو اسی بات کی ہے کہ جو شخص شادی کے نام سے اس قدر بھاگتا تھا۔ وہ آج شادی کے لئے اتنا پریشان کیوں ہے؟ اب سمجھ میں آگیا۔ دادا تو خیر مرد ہیں تجھ دیکھ کر میں از خود رفتہ ہو گئی ہوں!"

"جاؤ بھی!"

"اچھا! اب وہ بات نہ کہوں گی مگر ایک اور بات دریافت کروں گی!"

"کیا؟"

"چھپاؤ گی تو نہیں۔ ٹھیک ٹھیک جواب دو گی نا!"

"پہلے بات تو سنوں"

"سرلا! تو دادا کو پیار کرتی ہے؟"

سرلا کا چہرہ شرم سے سرخ ہو گیا۔

"میری بات کا جواب کیوں نہیں دیتی۔ بتاتی کیوں نہیں۔ شرماتی کیوں ہے؟"

"دیدی! دیدی —"

"ٹھہر ٹھہر! اب کچھ کہنے سننے کی ضرورت نہیں تیری نگاہیں دیکھ کر ہی میں سب کچھ سمجھ گئی۔"

سولہ ۱۶

دو بہن کی باتیں!

ہزاری باؤ کی وفات کے بعد چاہے گو رشتے سرلا باپ کو اپنا نہیں کہلوا لی۔ مگر

وُہ وہم کے پہلے دھکے کو اُس نے کسی نہ کسی طرح سنبھال ہی لیا۔

اس اثنا میں جمنا اپنی سسرال سے یہاں آ کر کتنے دنوں تک رہی۔ پھوپھی کی زبانی سُنا تھا کہ میری شادی فسخ کرنے کے لئے انہوں نے جمنا کو لکھا تھا۔ میں اپنی اس چھوٹی سی بہن کو جس قدر پیار کرتا ہوں اُس کی دُرشت زبان سے اسی قدر ڈرتا ہوں اگرچہ میں اُس کے خوف سے شرما کو نہیں چھوڑتا۔ تاہم اُس کی زبان سے کسی قدر خوف ضرور کھاتا تھا اسی وجہ سے وہ جس دن سے یہاں آئی تھی میں بھاگا بھاگا پھرتا تھا۔ بھُول کر بھی اُس کا سامنا نہیں کرتا تھا۔

مگر دوسرے دن جب میں کھانا کھانے بیٹھا۔ جمنا نے آ کر مجھے گرفتار کر لیا۔ بولی دادا! ابھی تو شادی بھی نہیں ہوئی گھر میں بہو بھی نہیں آئی۔ مگر تم اپنی جمنا کی یہ ابھی سے بڑی بے مروتی کرنے لگے۔ میں بخوبی سمجھ گیا کہ وہ میری خبر لئے بغیر مجھے نہ چھوڑے گی اسوقت میرا مزاج ٹھیک نہیں۔ اسی وجہ سے مزاج بگاڑ کر ذرا تُرش لہجہ میں بولا۔ ”کیوں؟ کیا ہُوا؟“

جمنا نے شرارت آمیز ہنسی ہنس کر کہا ”نہیں۔ اب اور کیا ہو گا؟ کل سے تم تمہاری شکل ہی نہیں دیکھنے میں آئی۔ اسی وجہ سے کہا تھا کہ کل کہاں تھے؟“

”جہاں میں نہیں رہتا وہاں تجھے تلاش کرنے کی کیا ضرورت ہے؟“

”او ہاں! میں دیکھ رہی ہوں کہ تم شروع سے ہی لڑائی جھگڑا کرنے پر کمربستہ ہو۔ اتنے دنوں بعد تو میں سسرال سے آئی۔ اس پر بھی یہ نہ پُوچھا کہ کیسی ہو؟“

میں نے لجاجت آمیز لہجہ میں کہا ”کچھ خیال نہ کرنا آج میری طبیعت کچھ غمگین ہے“

”غمگین ہے دادا! سچ بتاؤ۔ کیا ہُوا؟“

”نہیں۔ نہیں۔ چنداں فکر نہیں۔ سر میں سخت درد ہے“

”سر میں درد ہے چلو۔ کھانا کھا کر لیٹ رہو۔ میں تمہارا سر دبا دوں گی“

”نہیں نہیں۔ تجھے تکلیف کرنے کی ضرورت نہیں۔ جا۔ اپنا کام کر“

”ابھی تو کہا تھا۔ کہ سخت درد ہے اور اب کہتے ہو کہ درد نہیں دادا! تمہیں کیا

وں وں لڑائی جاری ہے اگر یہ جھگڑا اور بھی بڑھ گیا تو شاید وہ تم سے شادی بھی نہ کریں دادا انہیں کسی قسم کا خوف نہیں۔ اِن لوگوں کی تم غلطی پر پرواہ نہ کرو۔ وہ لوگ تمہارا کچھ نہ بگاڑ سکیں گے۔"

حما میری مدد کرے گی۔ میں نے خواب میں بھی خیال نہ کیا تھا میں نے سوچا تھا اُس کا دل بھی عام لڑکیوں کی طرح تنگ ہے۔ ولایت سے واپس آنے کے بعد تو بہر کیف مگر حما کے اُس کے مزاج میں اس قدر تبدیلی آ گئی ہے یہ میں نہیں جانتا تھا۔

میں نے کہا "نہیں! میں محلے کے ایک شخص سے بھی نہیں ڈرتا!"

— "مگر سماج میں تو تمہارا حوصلہ سمجھ کر اُٹھا یا جائے گا تمہاری بھلائی کی خاطر میرا منا تم سے شادی کرنے میں بھی عذر کرے میں نے آج باتوں باتوں میں میرا منا کے خیالات اچھی طرح جان لئے ہیں۔ اسی وجہ سے یہ بات کہتی ہوں دادا اب تم اس شادی میں کسی قسم کے تامل سے کام نہ لو۔ میرا منا جیسی لڑکی تمہیں اور کہیں نہ ملیگی"



حما کچھ دن میرے گھر رہ کر سسرال چلی گئی ان چند دنوں میں ہی اُس نے میرا منا کو اپنے رنگ میں رنگ لیا تھا۔ اس کی شگفتہ مزاجی اور دل خوش کن [illegible] دل میں بھی شگفتگی آ گئی اُس کے چہرے پر ایک خاص چمک آ گئی اور دل و دماغ [illegible] دونوں [illegible] شوخیاں آپس میں بات چیت کرتی تھیں حما کے اصرار پر میرا منا کو [illegible] جانا پڑتا تھا کبھی کبھی دل اُس کے ساتھ ساتھ حما کو گنگنانا پڑتا تھا [illegible] زندگی [illegible] پاکر میرا منا بہت خوش ہوئی۔

[illegible] کے بعد ایک دن میں میرا منا کے پاس گیا [illegible] اس وقت آدھا [illegible] دن کی [illegible] کی بیماری [illegible] کر رہی تھی [illegible] [illegible] کی طرح شام [illegible] کی [illegible] ساری [illegible]

اور بتاتی بھی [illegible] جھجکنے والی نگاہوں سے دیکھتی ہوئی سرما سُندری سُپ چاپ کھڑی تھی
میرے پاؤں کی آہٹ اُس کے کانوں میں پہنچی۔ وہ گھوم کر کھڑی ہو گئی
میں نے کہا "سرما! یہاں اکیلی کھڑی ہو؟"
سرما کے ہونٹوں پر پھیکی ہنسی دکھائی دی۔ بولی "آپ کی بہن نے دونوں کے [illegible]
آ کر میرے دل کو اس طرح فریفتہ کر لیا کہ اپنے ساتھ ہی لے گئی۔ اُس کے لئے نہ معلوم میرا
دل کیسا ہو رہا ہے"
— اس طرح اکیلے رہنے سے تو اور بھی طبیعت خراب ہو گی۔
— مجبور ہوں۔ خود یہاں میں اکیلا ہی آیا ہوں [illegible] دوسرا کہاں سے ملیگا۔ یہ کہکر سرما نے
[illegible] انداز سے سر جھکا لیا۔
موسم بہار کے ابتدائی طرب خیز جھونکوں میں سے کسی ایک جھونکے نے آ کر سرما کے
خیالی سرمایہ میں گھونگھروا لے بالوں کو عجیب انداز سے رقص کناں کر کے اُس کے سر سے ساڑھی
کا پلّہ ہٹا دیا۔
سرما نے ساڑھی اوپر سرکائی۔ میں نے مخل ہو کر کہا "ٹھہرو! قدرتی ماحول میں کوئی تم کی
روک ٹوک پیدا نہ کرو۔ آج کی یہ [illegible] ہوا کی [illegible] کتنے [illegible] بھر رہی ہے [illegible]
تم بھی یہی کوشش کیوں [illegible] کہ [illegible] اور [illegible] اور سر تم مجھ سے ایسی [illegible]
[illegible] کیوں ہو"
— [illegible] کے ساتھ [illegible] انسان [illegible] ولولہ [illegible] کی حد تک آ گیا ہے تو تمہاری شرم کا
کیا قصور ہے"
— سرما اُس [illegible] ہو کر خوش ہو گئی [illegible] اور [illegible] دل [illegible]
پیدا کرتا ہے تو حیا سنگدلی اختیار کر لیتی ہے [illegible] کے متضاد کام کرتی
ہیں [illegible] کیا ہے۔ اگر اس میں [illegible] دل [illegible]
ہوا [illegible] اس پر کوئی [illegible]
ہوتا ہے۔ اور [illegible] سرما کا [illegible] اسی [illegible] آہستہ [illegible]

کا کیا مشغلہ نہیں ہوگا۔"

— "ہاں ابھی دو دن سے تو ٹھیک ۲۱ قسم کی کھانا پکانے کی [illegible]

ہو جائیگا۔"

[illegible] کہا "آپ مجھے [illegible]"

[illegible]

[illegible] کر دیا [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

— [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

"تو کیا میں [illegible] کروں؟"

[illegible]

[illegible]

[illegible]

"نہیں اب بولو! دن مقرر کروں؟ کیا"

"ضرور کیجئے!"

"میری جان میں جان آگئی تم نے مجھے موت کے منہ سے بچا لیا اب اس طرح کب تک سمٹے رہو گی — کھولو آنکھیں کھولو! منہ کھولو" یہ کہہ کر میں نے اس کے دونوں کانپتے ہوئے ہاتھوں کو اپنے ہاتھ میں لے کر زور سے دبا لیا۔

سرلا کا ایک ایک عضو سرخ ہو اٹھا — جیسے سرخ گلاب کا پھول! اس کی پیشانی پر وہ لٹکتے ہوئے گھونگر والے بال قطرات عرق سے تر بتر ہو گئے ٹھوڑی اور رخساروں پر بھی ہلکی ہلکی بوندیں نظر آنے لگیں۔

سرلا چپ چاپ وہیں بیٹھ گئی

میں جیسے از خود رفتہ ہو گیا سرلا مجھے ایسی دکھائی دی — میں آہستہ آہستہ — اپنی مرضی کے خلاف اس کے اوپر جھک پڑا — اور اس کا وہ گورا گورا شگفتہ گول سے مرمریں جسم اور رنگِ گل گلاب کو شرمانے والے گالوں کا بوسہ لینے کے لئے جھکا — مگر عین اسی وقت سرلا نے اپنا منہ پھیر لیا۔ میں نے بھی متحیر ہو کر اپنے آپ کو سنبھال لیا اور ذرا پیچھے ہٹ گیا — خیال آیا — ابھی وقت تھی ہم دونوں شادی کے رشتہ سے بندھ نہ گئے

* * * *

شادی کا سب کچھ ٹھیک ہو گیا — اب صرف دس دن باقی ہیں اس کے بعد سرلا میری ہو گی آج صبح نائی ہماری رام باتوں کو ڈالی ہو تم ابھی سسرال کے کسی ایک رشتہ دار کے گھر چلی گئیں وہاں سے وہ آتی جائیگی — اب اس گھر میں قدم نہیں رکھے گی ہم لوگوں کا منہ بھی پھر نہ دیکھیں گی!"

مگر رشتہ داروں میں سے کسی نے ہمارا اعتراض نہیں کیا ہم نے بھی محض اسی وجہ سے کسی کی خوشامد درآمد نہیں کی۔ جن لوگوں نے یہ سوچا تھا کہ ہم ان کے سامنے اپنا سر جھکا دینگے وہ لوگ ہماری یہ حالت دیکھ کر دل ہی دل میں بہت متحیر ہوئے ہمارے اپنے گاؤں میں سے صرف چمپا آئی تھی وہ اکیلی ہی سو آدمیوں کی حیثیت رکھتی ہے اس کے ٹھٹھے

اور چیخ سے تمام مکان گونج اٹھا

میرے بہنوئی نے بھی جو خط مجھے لکھا تھا۔ اس میں ہمت و حوصلہ، آفرین و مرحبا کے
الفاظ ملے گئے تھے۔ انہوں نے اپنے خط میں اس بات کی بڑی آرزو ظاہر کی تھی کہ شادی
ہو جانے کے بعد موقع سے وہ بھی پشاور دیکھنے آئیں گے۔

مگر مستقبل کی جو میں نے حسین خواب دیکھے کہ میں جس وقت اس کائنات کو جنتِ انبساط
کا باری گاہ سمجھ رہا تھا۔ ناگہاں بدنصیبی نے آ کر عین اسی وقت میری زندگی کے خواب
حسین کے جالوں کو تار تار کر کے ہمیشہ ان سے کبھی بدتر بنا دیا ــــ یہ تو میں نے خواب میں
بھی نہیں سوچا تھا۔ اُف! یہ کیسی زبردست چوٹ لگی ــــ قسمت کا یہ کیسا مضحکہ ہے اس
سے تو موت ہزار درجہ بہتر تھی ــــ موت کے ساتھ ساتھ ہی ان تمام کا خاتمہ ہو جاتا ــــ
اس طرح گھڑی گھڑی اور پل پل تو مجھے لقمۂ اجل نہ بننا پڑتا۔ اسی دن سے سمجھ گیا ہوں کہ
ایک گمر درد و حسرت میں تحت اور پھر پتھر کی طرح میری انسانی زندگی کی آرزوئیں اور امنگیں
جھول رہی ہیں پھر یہیں کیسو ۔ یہ تاگا ٹوٹ جائے ــــ دم کے دم میں انسانی زندگی
اس قدر انقلاب پذیر ہو سکتی ہے اس کی تمام آرزوؤں اور امنگوں پر اس قدر جلد
اوس پڑ سکتی ہے۔

جانے دو! ان واقعات کس طرح ظہور پذیر ہوئے اس وقت انہیں
کا اعادہ غیر ضروری ہے

مالٹیچہ کے اس حصہ میں جہاں سنگ مرمر کے حوض کے پاس ہزاروں دھاریں بہتی
تھیں صبح کے وقت آفتاب کی شعاعیں جھوم جھوم کر اس پانی میں جھلملاہٹ پیدا کر رہی
تھیں۔ اسی جگہ ہیرا اور جمنا۔ دونوں ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑے کھڑی تھیں
میں دوسری منزل میں کھڑکی کے پاس میز کے سامنے بیٹھا ہوا ڈائری لکھ رہا تھا
انہیں دیکھتے ہی لکھنا بند کر دیا وہ دونوں ابھی باتوں میں محو تھیں انہوں نے مجھے نہیں دیکھا
ناگہاں جمنا کو کیا خیال آیا ــــ وہ ہیرا کو وہیں چھوڑ کر باغیچہ کے دوسری جانب چلی
گئی ہیرا وہیں تنہا فوارہ کے پاس بیٹھی ہوئی ــــ شاید ــــ سرخ مچھلیوں کا کھیل دیکھ رہی تھی

[illegible]

[illegible] دیکھنے لگا ایک [illegible] اخبار [illegible]

[illegible] لکھا ہوا تھا۔

پچاس روپیہ کا انعام!

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

باغیچے سے سرلا اور جمنا دونوں کے دبی ہنسی کی آواز آئی ـــ میرا عضو عضو جیسے ہنس اٹھا۔ اری جمنا! تونے سرلا کو پھولوں کے زیورات سے آراستہ کر دیا ہے۔ یہ پیٹنپ ڈیوٹی کس کی ہے؟ یہ تو دوسرے کی ہے اسے کھولنا ہوگا!

کھولنا ہوگا! کھولنا ہوگا! سرلا اب میری نہیں؟ کیا یہ ممکن ہے نہیں نہیں ـــ نہیں ہو سکتا یہ کبھی نہ ہونے دوں گا۔ میں اس طرح خودکشی نہیں کر سکوں گا۔ سماج سنسار۔ باپ بہن دھرم۔ ادھرم ـــ سب چولہے میں جائیں یہ سب جھوٹ ہیں یہ صرف انسان کی آزادی میں رخنہ انداز ہونے کے لئے ہیں۔ میں اس جھوٹ کو ہرگز نہ مانوں گا ـــ ان رکاوٹوں کو توڑ کر میں باہر آ جاؤں گا ـــ دیکھوں گا پھر کوئی کیا کر سکتا ہے؟

شادی میں اب دیر نہیں۔ سرلا کے شوہر نے جب اپنے دلوں تک پتہ نہیں پایا۔ تو اب بھی نہ پائے گا ـــ میں بھی سرلا سے کچھ نہیں کہوں گا ـــ نہیں ـــ ایک لفظ بھی نہیں ـــ پہلے شادی ہو جائے ـــ اس کے بعد جو ہونا ہوگا، ہوگا۔ سرلا کے شوہر کو اگر پتہ بھی لگ گیا تو بھی کوئی خوف نہیں اس وقت پھر وہ سرلا کو میرے گھر بیوی کی حیثیت میں دیکھ کر تو چھین نہ لے جا سکے گا!

اور جانے ہی کیوں دوں گا شادی کے بعد سرلا کو لے کر میں دیس چھوڑ کر کہیں اور چلا جاؤں گا۔ دور۔ بہت دور۔ شہر چھوڑ کر جنگلوں میں ٹیڑھی ترچھی اور دشوار گزار ندی کے کنارے سایہ دار پہاڑوں کی اوٹ میں۔ بیلوں سے گھری ہوئی کنج میں ـــ کوئی نہ دیکھے گا کوئی نہ جانے گا۔ صرف ہم دونوں ہی اس سنسان جنگل اور عجیب و غریب نظارہ کے درمیان بے خودوں کا آزاد لطف حاصل کریں گے کبھی نہ جھکنے والی تان باندھے بیٹھے پپیہا اور چکوری کی طرح آمنے سامنے بے غم میں مدہوش ہو کر اپنے دل کا ٹکڑے ـــ بہتے ہوئے لمحوں ـــ دل کے اندر دل! سر پر پتنگوں آسمان شامیانہ، اور پاؤں کے نیچے بے روشنی اور تاریکی سے بھرپور دنیا درخت درخت اور پھول پھول میں ہوا کی سرسراہٹ کا نغمہ ـــ اف! وہ کیسی زندگی!

مگر میں یہ سب کیا سوچ رہا ہوں؟ نہیں۔ نہیں یہ کیا! یہ دیوی دیوتا کی طرح
پاک صاف سمترا کو کیا میں اپنے پاپ کے لمس سے کلنک کا ٹیکا لگا سکوں گا؟ جہاں
چھل کپٹ ہے۔ وہاں شانتی کہاں! دل میں اشانتی! منہ میں پریم؟ یہ تو اور بھی ناقابل
برداشت ہے نہیں۔۔۔ یہ سب فضول ہے۔۔۔ سراسر فضول ہے۔۔۔ خواہ کتنی
ہی تکلیف کیوں نہ ہو۔ سچائی کو ہمیشہ ہی اپنے سر لینا پڑیگا۔

سترہ

سمترا کی باتیں!

اب تو جمنا ودی کے ساتھ بڑی مشکل ہوگی۔ ہائے بابا! ایسی ڈھیٹ لڑکی تو
میں نے کہیں نہیں دیکھی۔

آج بہت دیر تک وہ مجھے پھولوں کے زیورات سے مرصّع کرتی رہی صرف آرائش
ہی نہیں کیا۔ میرے دل میں نہ معلوم کیسے کیسے خیالات بھی بھر دیئے مالا آرائش سے
پہلے بھی کہا "کل چھوکری! تجھے تیرے بر کے پاس لے چلوں۔ بخشش لے آؤں!"

میری نگاہیں جہاں کی تہاں رہ گئیں اور اُول اُٹھی۔ اوماں! او ماں! یہ کیا ہے؟
کیا میں اب زندہ رہوں گی؟

میرے گالوں کو تھپتھپا کر جمنا ودی نے کہا "دُلہنیا تو کیا کہتی ہے۔ جس کے ذکر سے
تیرے چہرے پہ سُرخی کی جھلک دوڑ جاتی ہے کیا تو اُس کے پاس جا کر مر جائے گی بس
سمجھ گئی تو تیری آنکھوں میں دھول جھونکنا چاہتی ہے!"

"ودی! تمہاری ان بڑی بڑی آنکھوں میں تو میں دھول ڈالے دے رہی ہوں!"

"سمترا! اگر تو مرد ہوتی؟۔۔۔"

"تو پھر تمہارے دادا میرے ساتھ شادی کرنے میں بڑی رکاوٹیں ڈالتے!"

"اگر میں مرد ہوتی اور تمہاری شادی نہ ہوئی ہوتی۔۔۔ تو؟"

"تو میں تیرے پریم ساگر میں پڑ کر خوب غوطے کھاتی رہتی!"

سب کچھ تو ناول میں تھا پھر بتایا ہے [illegible] کیا حالت ہوتی [illegible] توان کی حالت کا ذکر نہیں کیا۔

جب ناول ابھی ختم ہی نہیں ہوا [illegible] کیا ضرور [illegible]
میں [illegible] اس وقت [illegible] سکوں۔ یہ
والی تو [illegible] اسی وقت [illegible] اور [illegible]
میرے گالوں پر [illegible] کر دی [illegible] یاد نہیں آتی
میرے کوئی [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

[illegible] کہا [illegible] ہو گیا [illegible]
[illegible]
[illegible] نکل گئی

میں [illegible] آہستہ [illegible]
[illegible] داخل ہوتے ہی [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

[illegible] شادی ہوئی [illegible]
[illegible] اور [illegible] کوئی [illegible] نہیں [illegible]

آہستہ آہستہ زندگی کے دوسرے رُخ کو [illegible] دیکھا [illegible] عہدِ ماضی کی یاد [illegible] حال [illegible] اور [illegible] موجودہ [illegible] اطمینان [illegible] [illegible] دل [illegible] میں [illegible] حالت میں [illegible] آج [illegible] الماس [illegible] [illegible] تمام درد [illegible] دُور کر دوں [illegible] صبح [illegible] کی [illegible] [illegible] ہو جائیگا

[illegible]

سامان لے کر میں تمہارے ساتھ مذاق کر رہا ہوں۔ نہیں سَر! یہ بات نہیں ہے ـــ تمہارا شوہر زندہ ہے مگر آج سے میں مُردہ ہوں مہ دیکھو ـــ" کہکر انہوں نے ہی تھر تھر کانپتے ہوئے میرے ہاتھ میں اخبار کا ایک حصہ دیا۔

اخبار پڑھتے پڑھتے میرے دل کا خون برف کی طرح جم کر سرد ہو گیا۔ منہ اُٹھا کر دیکھا گھر میں موہن بابو نہیں ہیں

آئینہ میں نظر پڑی اُس میں میرا وہ پھولوں سے مرتب جسم نظر آیا مگر میرا چہرہ ـــ میرا چہرہ! آئینے میں خود ہی نہیں پہچان سکی۔ آئینہ میں میرا وہ چہرہ مُردے کی طرح سفید تھا۔ کیا میں مر رہی ہوں؟

پاگلوں کی طرح میں نے تمام پھولوں کے زیورات نوچ کر توڑ اور مل دَل کر پھینک دیئے۔

اٹھارہ

ہیمدر کی باتیں!

گاؤں میں ایک دوست کے یہاں گئے تھے بیں سال بعد

کلکتہ میں واپس آکر دیکھا موہن میرے گھر آیا ہے خط لکھ کر [illegible]

چلا گیا تھا۔

"دو بھائی ہیمدر بن!"

خط پاکر جس قدر جلد ممکن ہو میرے پاس آ جاؤ [illegible] میں بڑا ہوں تمہارا

ساتھ بہت سے مسویے کر لیے ہیں وہ باتیں تحریر [illegible]

[illegible]

ماتھا کیا [illegible] ایک ہفتہ تک کالج میں نہیں رہا [illegible]

[illegible]

[illegible]

جل رہے ہیں۔ عورت اس کا اصل الاصول چاہتی ہے۔ مگر مرد صرف مرد کا خواہشمند ہے اس مرد میں متوالا ہو کر انسان اس قدر اپنے آپ کو ذلیل سا دیتا ہے۔ یہ نہیں معلوم تھا!

جب ہم کھانا وغیرہ کھانے کے بعد موہن کے گھر گیا۔ موہن اپنے کمرے کے کونے میں بستر پر لیٹا تکیہ میں منہ چھپائے پڑا تھا۔

میں نے کہا "کیوں موہن اندن دیوتا کے ساتھ ساتھ مار دیے بھی تمہارے اوپر دھار عنایت کی ہے؟"

موہن آہستہ آہستہ منہ اٹھا کر میری جانب لاچار۔ مگر درد آلود نگاہوں سے دیکھتا رہا۔

یہ کیا! اس کی آنکھوں میں آنسو ۔۔۔ روتے روتے اس کا منہ پھول اٹھا ہے۔ اور اس کا چہرہ ۔۔۔ ان کئی دنوں میں یہ کیسی تبدیلی! موہن کی آمد ہ نگاہیں۔ اور گریہ وزاری سے سرخ چہرہ جیسے اندر کو بیٹھ گیا ہے ۔۔۔ اس کی آنکھیں اور نگاہیں کیسی اداس ہوں۔ بکھرے بال بکھرے اور پریشان لباس بار بار دیکھ کر ہی معلوم ہوتا تھا جیسے وہ برسوں سے بیمار ہے۔

میں نے بھی یہی سوچ کر جلدی جلدی پوچھا "ہاں موہن کیا تمہاری طبیعت کچھ خراب ہے؟"

موہن نے پراگندہ ہنسی ہنس کر کہا "بیماری! ہاں ۔ بیماری!"

موہن کیا ہوا۔ بتاؤ بھائی!"

اس نے منہ سے کچھ کہے بغیر ہی ایک کاغذ میرے سامنے رکھ دیا اسے دیکھ کر معلوم ہوتا تھا کہ یہ کسی انگریزی اخبار کا ٹکڑا ہے۔ میں بغیر کچھ سوچے سمجھے اس پر نظر دوڑانے لگا۔ پڑھتے پڑھتے سمجھ میں آ گیا کہ موہن کی ایسی حالت کیوں ہے۔

کچھ دیر تک میں حیرت سے چپ چاپ کھڑا رہا۔ کیا ، یہی ممکن ہے کہ مرا ہوا انسان

کو اپنے پاس رکھوں۔ امید واثق ہے کہ آپ اسے ناگوار خاطر نہ سمجھیں گے [illegible] پرسوں [illegible]
پر حاضر ہوں گا۔ رخصت کا تمام انتظام کر رکھئے گا۔
امید ہے کہ آپ سب اچھے ہونگے۔ سب کو بار بار پیام قبول فرمائیے۔ فقط
خادم [illegible]

حکومت میں خط جب کر چکا تو موہن نے کہا۔ ابھی تک کوئی [illegible] باقی ہے
موہن کے [illegible] ہو رہا تھا۔ ہم کیسی [illegible] انسان [illegible]
ہو سکتا ہے اور قدرت میں اس قدر انقلاب ممکن ہے [illegible]
کی بات ہے کیا کسی طرح کوئی امید ہو سکتی ہے [illegible]
سکے گا۔
کسی طرح اپنے آپ کو سنبھال کر [illegible] ہونا چاہئے"
[illegible] کیا ہے [illegible] گرداب میں
پاؤں اٹکا دیئے ہیں اس میں ڈوبے یا کسی طرح چھٹکارا ملے"
"موہن [illegible] کیا سریتا کا کوئی خط وغیرہ آیا؟"
"نہیں!"
"ہاں اچھا تو کوئی سمجھانا کیا ہے؟ وہ سریتا کیسے [illegible]
[illegible] کس طرح بچا؟"
"جس وقت [illegible] تبدیل کر کے [illegible] [illegible]
سریتا کو کوئی خط وغیرہ نہیں لکھا۔ اگر اسے سریتا کا [illegible] تو کیا وہ کبھی ایسی
حرکت کر سکتا تھا۔ اس کے علاوہ [illegible] وہ واپس آیا [illegible] اور سریتا کا [illegible]
ستانا ہی پڑ چکا ہے تو بھی اس سے کسی خاص کوشش کا کام نہیں لیا۔ کوئی اور ہوتا تو
صرف اپنی بیوی سے ملتا مگر [illegible] خط تک نہ لکھا [illegible] کیوں
ہماری ماں کو جو خط لکھا ہے اس میں [illegible] کا کوئی ذکر نہیں [illegible] سریتا کو
پیار نہیں کرتا۔ اس میں کوئی اور ہی بات ہے!

"— کیا بات ہے؟ ذرا مجھے بھی تو بتاؤ؟"

"— جہاں تک میرا خیال ہے سرنیدر کو یہ تو معلوم ہو گیا ہے کہ مراری بابو کی موت ہو چکی ہے۔ اب مراری بابو کا نام اتنا تو سرلا کے لئے آتا ہے بس وہ اسی فکر میں ہے۔"

"— مگر ہم یہ دیکھتے ہیں کہ اس نے مراری بابو کے نام سے ہی خط لکھا ہے؟"

"— وجہ صاف ہے۔ اگر مراری بابو زندہ ہوتے تو وہ انہیں خط لکھنے کا حوصلہ کبھی بھی نہ کر سکتا۔ وہ اچھی طرح جانتا تھا کہ سرلا کے ساتھ بدسلوکی کرنے کی وجہ سے مراری بابو اس سے ناراض ہیں۔ ایسی حالت میں وہ کیونکر انہیں اپنی لڑکی سونپ دیتے؟ مرنے کے بعد تک بھی وہ سوتی کو پیار نہیں کر پاتا۔ میرا یہ خیال صحیح ہے۔"

"— اگر اسے مراری بابو کی موت کی خبر مل جاتی تو اسے خط لکھنے کی کیا ضرورت تھی؟"

"— شاید سرلا سے کہہ کر وہ پھر سے اسے اپنے ہی ساتھ رکھنا چاہتا ہو تو پھر اس سے ساتھ [illegible] کی [illegible] کیا۔ اس لئے تمام باتیں پریشانی پیدا کر گئیں؟"

"— تو پھر سرلا کے لئے کیا تدبیر ہو گی؟"

"— [illegible] اس طرح بھی اس کے شوہر کے خلاف کوئی بات زبان سے نکال کر اپنے [illegible] بات [illegible] گی۔ سرلا کو تو بس اس کی فکر ہو گی۔ [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] کیا ہے وہ [illegible] اعمال [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]"

"— [illegible] [illegible] اس [illegible] کچھ معلوم نہیں کیا ہو گا۔ تو معلوم [illegible] [illegible]"

"— [illegible] [illegible] اطمینان رکھو۔ پھر سے کام لو۔ [illegible] خوش رہتے ہو مگر یہ [illegible] [illegible] [illegible] لیا ہے۔ تمہیں یہ بار [illegible] میں اٹھانا [illegible] کیا ہے۔ [illegible] شادی [illegible] کے ساتھ [illegible] [illegible] سرنیدر [illegible] کو [illegible] [illegible] [illegible] دیا تا [illegible]؟"

"— [illegible] [illegible] [illegible] بات [illegible] سا [illegible] [illegible] [illegible] مگر

۔۔۔یہ کہہ کر موہن نے دونوں ہاتھوں سے اپنا سر ڈھانپ لیا اور پھوٹ پھوٹ کر روتے ہوئے بولا "مگر بھائی! ہمارا کیا ہوگا۔ دوست ہر چند تم اُسوقت کی بات سوچ رہے ہو کہ اُسوقت جو مشکلیں پیش آ رہی ہیں۔ اُنہیں بھول کر بھی توجہ نہیں دیتے ایسی خوفناک حالت کا اندازہ تو میں نے خواب میں بھی نہیں لگایا تھا۔ خواہ جو ہو اُس کے لئے رات اور دن دونوں یکساں ہیں۔ میرا تمام مستقبل تمام زندگی اور تمام آرزوؤں اور اُمیدوں کا دار و مدار جس پر تھا قسمت کی ایک چوٹ سے ٹکرا کر چور چور ہو گیا ہے ٹوٹا ہوا دل اور یہ درد و رنج لے کر کیا میں دنیا کے راستہ میں کھڑا ہو سکوں گا کیا میں ۔۔۔ کیا میں ۔۔۔ نہیں ۔۔۔ نہیں۔ یہ ناقابل برداشت ہے یہ چوٹ مجھے پاگل بنا دیگی میری انسانی زندگی کو حیوانی زندگی بنا دیگی۔ مجھے ۔ جانے دو۔ جو ہونا ہے ہو گا ۔۔۔ میں کنوئیں سے ناڈہ سوچ سوچ کر مرا جا رہا ہوں ۔۔۔ جانے دو ۔۔۔ جانے دو" کہتے کہتے یکا یک موہن اُٹھ کھڑا ہوا۔ اس کے بعد میری طرف [illegible] سنجیدہ نگاہوں سے دیکھتے ہوئے بولا "ہری بابو! کچھ کہہ سکتے ہو کہ میرا خودکشی کرنا مناسب ہے یا نہیں؟"

اتنی دیر تک میں دُکھ کے بوجھ سے گراں بار ہو کر چپ چاپ اُس کے چہرے کی طرف دیکھتا رہا۔ موہن کی عادات و خصائل سے میں کوئی واقف تھا اس جیسا شخص ذرا سی دیر میں گھبرا اُٹھتا ہے۔ کسی مجھ سے پوشیدہ نہ تھا۔ دنیا کے بہترے بہترین شخص کہ انسان آفات و مصائب کی بارش برداشت کرتا ہے۔ ہر کوئی زندگی میں قدم قدم پر شکست کھاتا ہے ۔۔۔ اور اسی وقت اُس میں پختہ کاری آتی ہے مگر فی الحقیقت اُسے دنیا دار نہیں کہا جا سکتا۔ موہن کی حالت دیکھ کر مجھے بہت خوف ہوا میں زبردستی اُس کو لیے بیٹھ گیا اور اُسکے چہرے پر نگاہ کرتے ہوئے کہا۔ کہا مرد کے دل کی ساخت پتھر سے کیا ہی سخت۔ انسان جب دنیا میں خود سر ہو کر رہنا چاہتا ہے۔ تو اُسے بہت بڑے حوصلہ اور دیانت کی ضرورت ہے انھیں سب کچھ برداشت کرنا ہوگا۔ کرنا ہوگا!"

"بھائی مجھ میں تو اب طاقت برداشت نہیں رہی جو اپنا سب کچھ کھو چکا ہے سر کی تعلیم یقیناً اُس کے ساتھ زہر کا کام کرے گی"

سسکیاں لیتے ہوئے وہ دونوں ہاتھوں سے سر اپنا پکڑ کر بچوں کی طرح زار زار رونے لگا
محبت کی جو دنیا [illegible] اس وقت اس کا سب کچھ تھا [illegible] اُس
وقت اس کا گھر میں کچھ پتہ [illegible] اچھا بیٹا [illegible] موہن کی بھی اس وقت یہی حالت تھی
۔ وہ اس وقت [illegible] تھا

موہن کی والدہ [illegible] خیال آیا [illegible]
[illegible] اس وقت [illegible]

✱ ✱ ✱ ✱ ✱ ✱

[illegible] سر [illegible] کر رہے تھے
وہیں تو کسی طرح [illegible] اس [illegible]
کر چلی جائے گی [illegible] لیا تھا

میں نے اُس سے [illegible] گی [illegible]
[illegible]"

[illegible] سر [illegible]
[illegible] اس کے پاس جانا ہی ہے!"

"ہاں [illegible] اس کا [illegible]
[illegible]!"

مگر اس کی یہ حالت [illegible] اُس کا سر بھی [illegible]
[illegible] شوہر کے پاس جا رہی ہے اور اُس کا شوہر اسے قبول کر لے گا [illegible]
[illegible] نہیں ہو گی [illegible]
[illegible] حالت [illegible] غور و فکر [illegible] کی [illegible]
[illegible] طرح برداشت کر سکے گی!"

ٹھیک اُسی وقت ایک گاڑی [illegible] دروازہ پر آ کھڑی ہوئی میں جلدی جلدی
[illegible] طرح بیٹھا [illegible]

گاڑی کے اندر سے جو شخص باہر آیا اُس کی عمر تقریباً ۵۰-۳۵ سال کی تھی بال کھچڑی عمدہ سے ہوئے۔ آنکھوں پر سنہری فریم کا چشمہ ہاتھ میں چھڑی - اور لباس بہت عمدہ تھا۔ رنگ کالا ہونے پر بھی چہرہ میں خاص طرح کی دلکشی تھی۔

مجھے دیکھتے ہی اُس نے پوچھا "کیا یہی ہماری بانو کا مکان ہے؟"

— "جی ہاں، آپ کس کی تلاش کر رہے ہیں؟"

— "ہماری بانو کو —"

— "اُن کا تو انتقال ہو چکا ہے"

"ہماری بانو کا انتقال" کہا اُنہوں نے [illegible] ہاتھ [illegible]

[illegible] سے ہی [illegible]

— "اُن کا نام محبوب [illegible] ہے؟"

وہ متوجہ ہو کر میری طرف دیکھتے ہوئے بولے "واہ! آپ کو میرا نام کیسے معلوم ہوا؟"

— "اندازہً"

— "آپ کا اندازہ صحیح ہے اور یہ بتائیے آپ کا کیا نام ہے؟"

میں نے نام بتا دیا

— "پھر یہ بتاؤ ہماری بانو کے گھر میں اس وقت کون رہتا ہے؟"

— "اُن کی لڑکی"

— "اکیلی؟"

— "ہاں! اکیلی تو ہے مگر ہم لوگ اُس کے نگران حال ہیں"

— "آپ لوگ!"

— "جی ہاں! ہم لوگ!! میری بیوی اور میرا دوست مجید ہیں!"

— "کون؟ جس کے ساتھ میری بیوی کی شادی کی —" کہتے کہتے یکایک وہ تھم گیا۔

— "سر سید صاحب! آپ کو تمام باتیں معلوم ہیں!!"

سرمد نے اٹک اٹک کر کہا: "ان الفاظ آپ دوسری باتوں سے واقف ہیں انہیں کی بابی میں نے یہ بات سنی تھی۔"

— "میں اکبر شاہ پور کے زمیندار دین بابو جی کے ساتھ میری —"

— "ہاں ان کے ساتھ آپ کا کچھ قول [illegible]۔"

— "آپ نے انہیں کیونکر پہچانا؟"

— "میرا اشتہار دیکھ کر انہوں نے مجھ پر بڑی نوازش کی۔ مرادی بانو کا پتہ بتا دیا۔"

— "سرین بانو تعجب ہے۔ جب آپ کو اتنی خبر مل رہی تو مرادی بانو کے وفات کی خبر کیسے پوشیدہ رہ گئی؟"

سرین نے جھنجھلا کر کہا "جناب میں آپ کے ساتھ سوال و جواب کرنے کی غرض سے یہاں نہیں آیا۔ میں اپنی بیوی کو لینے کے لئے آیا ہوں۔"

— "چلئے۔ آپ کو مکان کے اندر لے چلوں۔"

— "بہت اچھا جناب۔ مجھے آپ کی امداد کی ضرورت نہیں —" یہ کہہ کر سرین خود تیزی سے مکان کے دروازے کی طرف بڑھا۔

— "جناب معاف کیجیئے گا آپ ہی سرین بانو ہیں۔ جب تک اس کا پورا پورا ثبوت نہ مل جائے گا میں آپ کو مکان میں قدم نہ رکھنے دوں گا —" یہ کہہ کر میں اس کا راستہ روک کر کھڑا ہو گیا۔

— "کیا آپ مجھے روکنے کا حوصلہ رکھتے ہیں؟"

— "آپ بلاوجہ غصہ کیجیئے گا۔ جب تمہاری بانو اپنی لڑکی کا بار میرے اوپر چھوڑ گئے ہیں۔ تو ایسی حالت میں آپ خود سمجھ سکتے ہیں کہ میرا کیا فرض ہے؟"

— "نہیں آپ ہٹ جائیے۔ راستہ چھوڑ دیجئے۔"

میں نے نہایت تحمل لہجہ میں کہا "مجھے دھکا دینے کا بھی آپ کو کوئی حق نہیں۔"

سرین نے غضبناک ہو کر مجھے گھونسا دکھایا مگر گھونسے سے پیشتر ہی میں نے اس کے دونوں ہاتھ پکڑ لئے۔"

شریں نے ہاتھ چھڑانے کے لئے کبھی ہی کوشش کی مگر ناکام ہو کر چیختے چلاتے
ہوئے بولا۔ چھوڑ دو ۔۔ چھوڑ دو ۔۔۔ ورنہ ۔۔۔"

"ورنہ کیا شریں بانو، روئیں گے یا کسی کو مدد کے لئے بلائیں گے۔ آپ نے تو دیکھ ہی لیا
کہ تمہاری بانو نے اپنی لڑکی کا ہاتھ کسی کمزور کے ہاتھ میں نہیں دیا ہے۔ جاں رو رو کھانے
نے شور مچا دے ۔۔۔ یہ کہہ کر میں نے اس کا ہاتھ چھوڑ دیا۔

"تو کیا آپ مجھے اس گھر میں گھسنے دیں گے کیوں؟"

"شریں بانو! آپ بچوں کی طرح کیوں باتیں کرتے ہیں۔ آپ اپنی بیوی کے پاس
جائیں گے۔ اس میں مجھے کیا رکاوٹ ہو سکتی ہے۔ میں صرف اپنے دل کی مشکل میں شک
وشبہ رفع کرنا چاہتا ہوں۔"

"مگر میرے رہتے رہتے کسی شخص کے ساتھ میری بیوی ۔۔۔"

"چپ چپ جب اسی بات پر ... آپ کی بیوی ... بہن کی طرح"
ایسے میں ثریا کی نوکرانی اندر سے باہر آتی ہوئی تو بولی جلدی ... ماما جی کو اندر
بلایا ہے۔"

یکایک اوپر کی جانب میری نظر گئی دیکھا تو ... ہے ...
پیلے پیلے کپڑے پہنے ... کھڑی کھڑی ... ہے
دیکھ رہی ہے۔

میں نے اسی وقت سر جھکا کر ہاتھ چھوڑ دیا ... شریں گھبرا ...
ہوئے ... گیا اور مجھے دکھا کر اندر کا دروازہ بند کر لیا

میں سمجھ گیا تھا کہ میں نے اس کی کھیل کپٹ جان لی ہے ...
سب کچھ کہہ دوں۔ اسی وجہ سے وہ مجھے اندر نہیں جانے دیتا تھا ...
جان سکے کہ اس کی دولت پر ہی شریں کی نظر ہے ...
کرنے کی ... کے بعد بھی ... کو ایک خوف تھا۔

مگر ثریا کا مستقبل سوچ کر میرے دل میں خوف پیدا ہوا۔ ... کی ساری کی

بات بھی شیریں کو معلوم ہو چکی تھی۔ غریب ثریا کس حالت میں اس شادی پر آمادہ ہوئی تھی۔ یہ
وہ نہیں جانتے تھے انہیں سوچنا چاہئے ... ترس کھاتے ہوئے ثریا کو تکلیف برداشت کرنی ہی ہوگی
بھگوان جانے اس کی قسمت میں کتنے دُکھ لکھے ہیں۔ اس دُکھ کو کون رفع کر سکیگا
پھر کیسی تڑپ تھی؟ ... ایسا انقلاب دو ہستیوں کی خوشی میں یہ دُکھ کا پہاڑ کہاں سے
ٹوٹ پڑا ... کا ایک ایسا ... منحوس ستم تھا ... ان زندگی میں کیا تھا
کیسی دُکھ کا منہ دیکھ سکا ہوں؟

میں مغموم و متفکر ہو کر گھر کے ایک گوشے میں بیٹھا ہوا یہی سب باتیں سوچ رہا تھا
موہن کھڑکی کے پاس ... سامنے کی طرح بیٹھا تھا۔ اس وقت وہ بھی وحشت ہی میں بیٹھا تھا
کیا سوچ رہا تھا یہ وہی جانے

یکایک راستہ میں گاڑی کی گھڑگھڑاہٹ سنائی دی موہن نے بھی چونک کر
راستہ کی طرف دیکھا میں بھی اُٹھ کر کھڑکی کے پاس آیا

ثریا کی گاڑی اور موہن کا کلیجہ چیر کر وہ چلی جا رہی ہے ... سمجھ گیا ... آخری بار
موہن کی آنکھوں کا ... اس وقت جیسا نظر آیا وہ زندگی بھر کبھی نہ بھولوں گا۔

ثریا گاڑی کی کھڑکی کے پاس بیٹھی تھی۔

موہن نے اُسے دیکھا ... آہ! دونوں کا ... اس کے بعد پھر دونوں ایک
دوسرے کی طرف دیکھتے رہے ... ٹکٹکی ... جھکنے والی نگاہوں سے ...
اور چُپ چاپ ... ان کے دلوں کا ایک ... آنکھوں کے راستہ سے باہر آ
رہا تھا

گاڑی ... دور ہوتی جا رہی تھی۔

موہن جو ... کھڑا ہوا۔ اس کے بعد سامنے کی طرف جھک پڑا

گاڑی یکایک ... موڑ کے پاس ہی نظروں سے اوجھل ہو گئی۔

وہاں خالی راستہ ... نگاہوں سے دیکھتا ہوا بہت دیر تک کھڑا رہا
اس کے بعد ایک گہرا سانس لے کر میز پر گر پڑا۔ فوراً اس کے پاس جا کر دیکھا وہ بیہوش ہو گیا۔

۱۵
واپسی

شمرا کی ماں!

مجھے دیکھ کر وہ خوش نہ ہوگی۔ یہ میں جانتا تھا۔ پہلے کبھی ملنا نہیں کرتی
تھی — میں ڈر گیا تھا [illegible] [illegible] [illegible] تھی — [illegible]
کر کے [illegible] [illegible] [illegible] — [illegible]
[illegible] کی طرح [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]
کی پاس [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]
[illegible] [illegible]

[illegible] [illegible] کی [illegible]
سلام [illegible] [illegible] [illegible] دیکھ کر شمرا [illegible] میری طرف
دیکھتی رہی [illegible] کی طرح بالکل [illegible]
[illegible] جیسے [illegible] کوئی [illegible]

